نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب رانا علی ارشد کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ لاہور میں معیاری زرعی ادویات کی دستیابی اور پیسٹی سائیڈ رجسٹریشن و فارمولیشن پلانٹس کے متعلق مشاورتی اجلاس کا انعقاد

محکمہ زراعت معیاری زرعی ادویات کی مارکیٹ میں دستیابی کے لئے زیرو ٹالرینس پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب رانا علی ارشد

لاہور30 مئی 2022:(   ) کاشتکاروں کو معیاری زرعی ادویات کی مقررہ نرخوں پر فراہمی یقینی بنانا اولین ترجیح ہے جس کے لئے محکمہ زراعت زیرو ٹالرینس پالیسی پر عمل پیرا ہے۔اس ضمن میں صوبہ بھر میں بڑی و چھوٹی مارکیٹوں اور دور دراز کے دیہاتوں میں زرعی ادویات کی سو فیصد سمپلنگ کو یقینی بنایا جارہا ہے ان خیالات کا اظہار ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب رانا علی ارشد سول سیکرٹریٹ لاہور میں معیاری زرعی ادویات کی دستیابی اور پیسٹی سائیڈ رجسٹریشن و فارمولیشن پلانٹس کے متعلق مشاورتی اجلاس کی صدارت کے دوران کیا۔اس موقع پر انھوں نے مزید کہا کہ افسران زرعی ادویات و غیر معیاری کھادوں کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی پر عمل کریں اور مجوزہ قانون کی شقوں کے مطابق اپنا کام بلا خوف وخطر جاری رکھیں۔زرعی ادویات کی رجسٹریشن کے مسائل کو حل کرنے کے لئے صوبائی اور وفاقی حکومت مل کر کام کر رہی ہیں۔اس کے علاوہ معیاری زرعی ادویات کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے پیسٹی سائیڈز تیار کرنے والے پلانٹس کی چیکنگ بھی کی جارہی ہے۔انھوں نے کہا کہ کاشتکاروں کے لئے ایک ایسا نظام کیا ہوا ہے جس میں بذریعہ واٹس ایپ/ایس ایم ایس نمبر 0300-2955539 کے ذریعے شکایات کو درج کروائی جاسکتی ہے۔یہ نمبر تمام کھاد اور پیسٹی سائیڈ ڈیلرز، کمشنر، ڈپٹی کمشنرز اور محکمہ زراعت کے دفاتر میں آویزاں کیا جائے تاکہ کاشتکار اس سے آگاہی حاصل کرسکیں اور کسی بھی شکایت کی صورت میں 24 گھنٹے میں اس کا ازالہ کیا جائے۔اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری ٹاسک فورس جنوبی پنجاب امتیاز احمد، چئیر مین پی سی پی اے ملتان سعد علی اکبر، ایگزیکٹو ڈائریکٹر کراپ لائف پاکستان راشد احمد، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (پلانٹ پروٹیکشن) لاہور اللہ رکھا ساجد، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (پلانٹ پروٹیکشن) فیصل آباد ڈاکٹر عامر رسول، اینٹومالوجسٹ فیڈرل پلانٹ پروٹیکشن ڈیپارٹمنٹ ناصر احمد ورک اور ڈپٹی ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب رائے مدثر عباس سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی

☆☆☆☆